سوال

(49) کون ساخون حرام کیا گیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سورۃ المائدہ میں جو خون حرام کیا گیا ہے، اس سے کون ساخون مراد ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سورۃ المائدہ آیت 3 میں خون کو حرام کہا گیا ہے۔ اس سے ہر خون مراد نہیں بلکہ اس سے مراد وہ خون ہے جو جانور کے ذبح کے وقت نکلتا اور بہتا ہے جسے دم مسفوح کہتے ہیں۔ سورۃ الانعام (آیت: 145) میں (دَمًا مَّسْفُوحًا) کے الفاظ آئے ہیں۔ لہذا گوشت کے ساتھ جو خون لگا رہ جاتا ہے وہ حرام نہیں ہے۔

نیز کلیجی اور تلی (جو کہ خون ہیں) حدیث کی روشنی میں حلال ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ: 149

محدث فتویٰ